سینیئر وزیر (صحت): دو، دو سوالات ہیں، بالکل دو سوالات ہیں، کوئسچن سے بالکل ہٹ کے ہیں، بہر حال میں جواب دے دیتا ہوں۔ ایک تو مولانا صاحب کی جو Concerns تھیں، یہ پی پی ایچ آئی کو ہم نے نہیں دیا تھا جی، جب ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی، اس وقت سے ان کو الاٹ کیا گیا تھا، بی ایچ یو صرف، بی ایچ یو صرف، اور پھر اس کی Continuation پھر پچھلی حکومت نے کی، ابھی ان کا کنٹریکٹ ختم ہو رہا ہے، وائنڈ اپ کر رہے ہیں، ایک چیز، لیکن اس فلور آف دی ہاؤس پہ مختلف ممبران، جب وہ کہہ رہے تھے کہ جی ہم چھوڑ کر جا رہے ہیں تو اس ہاؤس میں ایم پی ایز کھڑے ہو کر انہوں نے کہا کہ بڑی اچھی ان کی پرفارمنس

ہے،ان کو نہیں جاناچاہیے،آپ اس کے گواہ ہیں، منٹس بھی ہیں، ہاں البتہ یہ ہے کہ چونکہ پنجاب میں بھی ہو رہاہے، سندھ میں بھی ہو رہاہے، باقی جگہوں پر بی ایچ یوزاور آر ایچ سیز ہم مینجمنٹ کنٹریکٹ آؤٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ایک پلان ہے ہمارا، جس کا مقصد یہ ہے کہ حکومت کے جو رولز ریگولیشنز ہیں وہ بہت زیادہ ہوتے ہیں۔اس میں مینجمنٹ یا کنٹریکٹ آؤٹ کرتے ہیں Flexibility ہوتی ہے۔ کہیں پہ جس طرح مختلف ایم پی ایز کی Concerns ہوتی ہیں کہ ڈاکٹر Position ہے ہائرنگ نہیں ہو رہی۔ تو یہ آرگنائزیشن Within no time ڈاکٹر کو یا سٹاف کو ہائر کرتے ہیں اور ادھر اس کو فوراً لگادیتے ہیں۔ جبکہ گورنمنٹ کے پروسیجر وہ Monthly وہ چھ چھ، تین تین یا چار چار مہینے اس کا پراسیس ہوتا ہے۔ تو مطلب ایک، ایک ایک بہتر اس کیلئے ہم کر رہے ہیں جی۔ جہاں تک ایم پی اے صاحب کا سوال ہے بالکل ان کی Concern تھی، یہ آئے تھے، میں نے ڈیپارٹمنٹ کو کہہ دیا ہے اور Hopefully ان شاء اللہ Monday کو کلیئر ہو جائے گا اور آپ کو ڈیپارٹمنٹ واپس انفارم بھی کر دیں گے ان شاء اللہ۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: 2747، نیکسٹ پلیز، پلیز 2747، (مداخلت) میں نے ایجنڈا کو بھی چلانا ہے، آپ، 2747۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: سپیکر صاحب! دا خبرہ، دا سوال تاسو اوکوری، دا جواب ئے اوکوری، تاسو پہ دې خبرہ باندې-----

جناب سپیکر: 2747، نلوٹھا صاحب!

* 2747 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز کو سپریم کورٹ نے مستقل کرنے کے احکامات جاری کئے تھے مگر تاحال ان کو مستقل نہیں کیا گیا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ لیڈی ہیلتھ ورکرز کو مستقل نہ کرنے کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) اس سلسلے میں عرض ہے کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام کی تمام ملازمین کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں حکومت خیبر پختونخوا نے یکم

جولائی 2012 سے مستقل کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں اور صوبائی اسمبلی نے اس سلسلے میں ایک ایکٹ بھی پاس کرلیا ہے جس کے تحت تمام ملازمین کو گورنمنٹ سرونٹ کا درجہ دیا گیا ہے۔

(ب) جیسا کہ جز (الف) میں عرض کیا گیا ہے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: گوری د دې خو مطلب، دا کاغذ د ضیاع، ضائع کولو نه دے۔

جناب سپیکر: آپ کے ساتھ منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ میٹنگ۔۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا سوال څه شوے دے، جواب څه ورکړے شوے دے؟ تاسو خو لږ دا اوګورئ نو بیا، یو طرف ته دغه شوے دے، یو طرف ته منسټر صاحب د دې نه انکار کوی چې آرایچ سیز نشته دے۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! پلیز 27۔ آپ کی میٹنگ ہو، اس کے بعد Immediately آپ ان کے ساتھ میٹنگ کرلیں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: په دیکښې څه خبره نشته، ما سوال څه کړے دے، ماله ئے جواب څه را کړے دے؟ تاسو دا لږ اوګورئ۔

جناب سپیکر: میں نے آپ کو کہا کہ منسٹر صاحب آپ کے ساتھ بیٹھ جائیں گے۔ منسٹر صاحب! آپ ثناءاللہ صاحب کے ساتھ بیٹھ جائیں، اس کے Concerns کو آپ کو دور کرلیں پلیز۔ آپ پلیز یہ، آپ بیٹھ جائیں ناں، آپ کے ساتھ، میں نے بات کردی ہے اس کو، آپ کے ساتھ بیٹھ جائیں گے۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ، ثناءاللہ صاحب! اگر آپ مطمئن نہیں ہوئے تو پھر آپ کو موقع دیں گے ناں، پھر آپ کو موقع دیں گے، Don't worry آپ کو پھر موقع دیں گے، آپ اگر اس کو، آپ نے، آپ۔۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: میں نے جو سوال کیا ہے، اس کا جواب، اس کو میں پڑھ کر سناتا ہوں پورے ایوان کو، وہ سوال میں نہیں آیا ہے۔

جناب سپیکر: شہرام خان! اس کو ایک دومنٹ دیدیں، پڑھ لیں، پھر آپ کے ساتھ، نلوٹھا صاحب کو کرتے ہیں، اس کا ٹائم ہوتا ہے ایک گھنٹہ، سب ایم پی ایز کا ٹائم ہوتا ہے کہ ہم ہر ایک کو Equal Share دیں۔ آپ کی بات کو لیا گیا ہے اور اس کے بعد کریں، نلوٹھا صاحب۔ اس کے بعد آپ کرلیں گے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دیکھیں جی، سوال میں جو جواب دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ کو دیتے ہیں ناں جی، میں نے آپ کو کہاناں، ثناءاللہ صاحب! پلیز آپ تھوڑا حوصلہ کریں، آپ کو ریسپانس دیدیں گے۔ نلوٹھا صاحب! پلیز آپ کرلیں۔ اس کے بعد میں شہرام کو کہتا ہوں کہ وہ کرلیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، میں نے یہ سوال پوچھا تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ لیڈی ہیلتھ ورکر کو مستقل کرنے کے احکامات جاری کئے تھے مگر تاحال ان کو مستقل نہیں کیا گیا؟ تو اس کے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں حکومت خیبر پختونخوا نے یکم جولائی 2012ء سے مستقل کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

جناب سپیکر: شہرام خان! آپ کا سیکرٹری آیا ہے، سیکرٹری ہیلتھ آیا ہے ادھر؟۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): جی۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ جوان کا کوسچن ہے، آپ خود Personally چیک کرلیں اس کو، اگر کوئی غلطی ہے تو اس کے اوپر نوٹس لیں، ٹھیک ہے؟ نلوٹھا صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! میں سوال پڑھ رہا تھا، آپ نے سنا ہی نہیں۔

جناب سپیکر: ہاں جی، بسم اللہ، پھر پڑھ لیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میرا سوال سر! یہ تھا کہ لیڈی ہیلتھ ورکر کو سپریم کورٹ نے مستقل کرنے کے احکامات جاری کئے تھے لیکن تاحال مستقل نہیں کیا گیا، تو حکومت نے یہ جواب دیا ہے، محکمے نے کہ یکم جولائی 2012ء سے لیڈی ہیلتھ ورکر کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں مستقل کر دیا گیا ہے، بہت اچھی بات ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! میرا ضمنی کوسچن منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ لیڈی ہیلتھ ورکر کو ہر ماہ تنخواہ ملنی چاہیئے لیکن انہیں دو مہینے یا تین مہینے کے بعد تنخواہ دی جاتی ہے، تو کیا منسٹر صاحب اس کی یقین دہانی کرائیں گے کہ کیا دوسرے ملازمین کی طرح انہیں بھی ہر ماہ تنخواہ ملنی چاہیئے جوان کا حق ہے، تو وہ کیوں نہیں مل رہی؟

جناب سپیکر: شہرام خان!

سینیئر وزیر (صحت): شکریہ سپیکر صاحب! نلوٹھا صاحب کا بڑا اچھا کوئسچن ہے اور میں ان کو داد دیتا ہوں کہ انہوں نے بڑے اچھے ایشو کو Raise کیا اور ان سے میں ریکویسٹ بھی آخر میں کروں گا، بالکل خیبر پختونخوا کی حکومت ہے جس نے تیرہ ہزار Something ایل ایچ ویز سپریم کورٹ کے احکامات کو Obey کیا اور اس ہاؤس کے سارے ممبرز نے اس کو Approve کیا اور ان کو ہم نے Permanent کیا۔ یہ کسی اور صوبے، پنجاب میں باون ہزار ہیں، انہوں نے ابھی تک نہیں کیا، کسی اور صوبے نے، ایک، دوسری بات یہ ہے کہ تنخواہوں کا مسئلہ ہے، یہ ہمارا Serious concern ہے تو چونکہ تنقید نہیں کروں گا لیکن آپ نے سوال کیا ہے، ہم تنخواہ ان کو ضرور دیں گے لیکن 2018 تک سترہ کہ اٹھارہ تک وفاقی حکومت نے ہمارے ساتھ کمٹمنٹ کیا ہے کہ ایل ایچ ڈبلیوز کی جو سیلریز ہوں گی، وہ وفاقی حکومت ہمیں دے گی۔ بدقسمتی ہماری یہ ہے کہ جو کمٹمنٹ آپ کرتے ہیں تو اس کیلئے Accordingly آپ اے ڈی پی پلان بناتے ہیں، ہم تنخواہیں بناتے ہیں، رکھتے ہیں لیکن جب وفاق سے ہمیں وہ پیسے ٹائم پہ نہیں ملتے تو وہ تو بیچارے لوگ ہیں، ان کا ایک ہی کام ہے ہیلتھ فیسیلیٹیز اور یہ Polio immunization پورے پراسیس کو وہ دیکھتے ہیں، اگر ٹائم پہ ان کو تنخواہ نہ ملے، ان کے Sources of income اور کوئی نہیں ہیں تو پھر صوبائی حکومت Bridge financing کرتی ہے، مظفر سید صاحب ابھی اس وقت موجود نہیں ہیں، ان سے ہم منت کر کے اس کو ہم ایڈوانس میں پیسے لیتے ہیں، وفاقی حکومت جب مہربان ہو جائے اور ہمیں تنخواہ دے دے تو وہ پھر ہمارے اکاؤنٹ میں آجاتے ہیں، تو میری ریکویسٹ یہ ہو گی نلوٹھا صاحب سے کہ وفاقی حکومت سے ہم آواز اٹھا رہے ہیں، آپ بھی ہماری مدد کریں اور ان کو کہیں کہ ہماری جو ایل ایچ ڈبلیوز کی تنخواہیں ہیں، یہ ہمیں ٹائم پہ دے دیں تو ہم بڑے شکر گزار ہوں گے ان شاء اللہ، کوئی تنقید نہیں کر رہا ہوں لیکن یہ بڑا Valid point ہے، میں نے ہیلتھ منسٹر صاحبہ سے بھی اس دن ریکویسٹ کی تھی کہ وفاق کے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی میٹنگ کال کریں، ہم بھی آجائیں گے اور ہمارے چند اور ایشوز ہیں، ان کو Resolve کر دیں، انہوں نے ہاں تو کر دی ہے، ان شاء اللہ میٹنگ کال کریں گے لیکن نلوٹھا صاحب کو ساتھ لے کے جاؤں گا، یہ بھی میرے جرگے میں جائیں گے۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب۔ تھینک یو جی، جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مطمئن نہیں ہوا ہوں سر۔

جناب سپیکر: اچھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں مطمئن نہیں ہوا ہوں۔

جناب سپیکر: مطمئن نہیں ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ پاکستان کے اندر کتنے صوبے ہیں، کیا پاکستان کے اندر کے پی کے اور پنجاب ہے؟ انہوں نے پنجاب کا نام لیا ہے، ساتھ سندھ اور بلوچستان کا نام کیوں نہیں لیا ہے، ایک بات یہ ہے جی اور ساتھ کہتے ہیں کہ میں تنقید بھی نہیں کرتا ہوں۔ دوسری بات سر! یہ ہے کہ کے پی کے گورنمنٹ نے سپریم کورٹ کی روشنی میں، انہوں نے بڑی تعریف کی ہے اپنی حکومت کی، میں بھی ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، کے پی کے گورنمنٹ نے لیڈی ہیلتھ ورکر کو مستقل کیا ہے، مرکزی حکومت نے مستقل نہیں کیا ہے جناب سپیکر صاحب! اگر ان کے پاس وسائل نہیں تھے تو انہوں نے کیوں ان مظلوم لیڈی ہیلتھ ورکرز کے ساتھ مذاق کیا ہے؟ اگر ان کے پاس وسائل نہیں تھے، وزیر خزانہ یا خزانہ ان کو اجازت نہیں دیتا تھا تو یہ پوائنٹ سکورنگ کر کے ان کے ساتھ یہ مذاق کیوں کیا گیا ہے؟ میں ان سے، یہ ہیلتھ منسٹر صاحب سے مطالبہ کرتا ہوں، اس کی وضاحت کا۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): جناب سپیکر! نلوٹھا صاحب دل پہ لے گئے ہیں، میں Seriously کہہ رہا ہوں کہ وفاق پنجاب کی میں نے اسی وجہ سے مثال دی ہے کہ وفاق اور پنجاب میں حکومت ایک ہی پارٹی کی ہے تو ویسے ایک مثال کے طور پر میں نے کہہ دیا ہے، کوئی تنقید نہیں کی، ایک، دوسری بات یہ ہے کہ اس ہاؤس جس میں نلوٹھا صاحب بھی ہیں اور یہ پورے معزز اراکین ہمارے جتنے بھی ہیں، ان سب نے ان کو Permanent کرنے کی Approval اس ہاؤس نے دی ہے، حکومت نے لائی ہے، نلوٹھا صاحب بھی اس کے حصہ دار ہیں، تو اپنے آپ کو کوسچین نہیں کر سکتے۔ تیسری بات میں کرنا چاہتا ہوں کہ تنخواہوں کی جو بات تھی، وہ ہم دے رہے ہیں، میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ مسلم لیگ نون کی وہاں پہ حکومت ہے تو ہم آپ کو، میرے ساتھ آپ کو بھی دعوت دیں گے کہ آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں، تنقید پھر نہیں

کر رہا ہوں، میں سیریس اس پہ کہہ رہا ہوں کہ ہمیں وہ پیسے کی جو کمٹمنٹ ہے، وہ ٹائم پہ کر دی جائے، باقی Over and above وہ ویسے بھی صوبائی حکومت کرے گی لیکن جوان کی کمٹمنٹ ہے، اگر وہ ٹائم پہ پوری کریں جو سترہ یا اٹھارہ کے بعد وہ تو ویسے بھی پھر ساری ہماری Responsibility ہو جائے گی، وہ ہم ضرور کریں گے، کوئی مذاق نہیں کیا، Permanent کیا ہے، جاب سیکورٹی دی ہے اور آپ کو ساتھ لے کے جاؤں گا کہ سارے وہاں پہ مل کے منت کریں۔

Mr. Speaker: Next, 2760.

سینئیر وزیر (صحت): And I hope کہ مطمئن ہو جائیں گے۔

جناب سپیکر: 2760، هغه تائم شارټ، سپلیمنټری، نہیں سپلیمنٹری ہے تو۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: جناب! میرا سوال ہے۔

جناب سپیکر: اگر سپلیمنٹری ہے تو پھر موقع دے دوں گا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میرا جواب منسٹر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہ پلیز، یہ چونکہ رولز کے مطابق چلانا ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! میں نے یہ عرض کیا ہے کہ منسٹر صاحب یہ کہیں کہ دوسرے ملازمین کی طرح لیڈی ہیلتھ ورکرز کو ماہانہ تنخواہ دی جائے گی، دوسرے یا تیسرے مہینے نہ دی جائے۔ دوسری بات سر! یہ ہے کہ جب کوئی بھی مسئلہ مرکزی گورنمنٹ کے حوالے سے ہوتا ہے، چاہے ہائیڈل پرافٹ کے حوالے سے ہو، چاہے CPEC کے حوالے سے ہو، آپ قرار دادیں لاتے ہیں، ہم سب اس کی بھرپور حمایت کرتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ جب پرائم منسٹر صاحب سے آپ کی ملاقات ہوتی ہے تو ہمیں آپ بھول جاتے ہیں، اب بھی شاید منسٹر صاحب بھول جائیں۔

جناب سپیکر: ہاں بخت بیدار صاحب۔ یہ ختم کر لیں اس کے بعد میں آپ کو۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: ابھی مجھے موقع دے دیں۔

جناب سپیکر: میں موقع دیتا ہوں، آخر میں موقع دیتا ہوں، یہ ٹائم ختم ہو گا، اس کا اس کے بعد۔ اچھا one minute میں اس کو دیتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: جی جی، بخت بیدار صاحب۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر! ډیره زیاته شکریه چې تاسو ما له موقع راکړه، زما سوال نمبر دے 2763-----

جناب سپیکر: جی جی، بخت بیدار صاحب۔

* 2767 _ جناب بخت بیدار: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع اپر دیر اور لوئر دیر میں لیوی فورس میں نئی تعیناتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) موجودہ دور حکومت میں مذکورہ اضلاع میں خالی ہونے والی آسامیوں کی تعداد اور نئی آسامیوں پر بھرتی کا طریقہ کار کیا تھا، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) آیا مذکورہ آسامیوں پر ریٹائرڈ لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے؛

(iii) لیوی فورس میں ترقی کے منتظر لوگوں کے برعکس ریٹائرڈ لوگوں کو کیوں بھرتی کیا گیا، آیا ترقی کے منتظر لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہیں ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب معاون خصوصی برائے قانون نے پڑھا): (الف) گزشتہ تین سالوں سے دیر لیوی فیڈرل لوئر دیر میں یونیفارم پوسٹوں پر کوئی تعیناتی نہیں کی گئی ہے، صرف سکیل نمبر 1 میں ایک کلاس فور اور ایک سوپیر (خاکروب) ضرورت کی بنیاد پر بھرتی کئے ہیں۔

(ب) (i) خالی ہونے والی سکیل نمبر 1 پر ضرورت کی بنیاد پر اہل آدمی کو حکم زیر نمبر/11193 /A /10 LHC مورخہ 2015-08-04 اور زیر نمبر 11163/A/10 مورخہ 2015-08-31 پر بھرتی کیا گیا۔

(ii) نہیں۔

(iii) دیر لیوی فیڈرل لوئر دیر میں کوئی بھی ریٹائرڈ بندہ بھرتی نہیں کیا گیا ہے اور فورس میں قواعد وضوابط کے تحت ترقیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔

نوٹ: ضلع اپر دیر کا جواب نفی میں ہے۔

جناب بخت بیدار: دا سوال چې کوم Interior minister کوم جواب راکړے دے کنه نو ما چې کوم تپوس کړے دے، د هغې ټول نفی نفی وئیلی، لکه ما وئیل چې ریټائرډ کسان لیوی دوئ بیا بیرته لګولی دی او دوئ وائی چې نه، زه وایم چې

اوس هم هغه ریټائرډ کسان پخپلو سیټونو باندې ناست دی او حق تلفي کیږی، د لیوی میجر چې کوم دے، هغه ریټائرډ دے، هغه په پردی سیټ ناست دے، دا سې نور د لیوی کسان دی چې هغه مطلب ئے په انتظار ناست وی چې زمونږ پروموشن به کیږی خو دغه ریټائرډ کسان ئے په دغه ځائې باندې کښېنولې دی۔ زه دې سوال نه مطمئن نه یم، جناب سپیکر صاحب! تاسو مهربانی اوکړئ دا سوال چې کوم دے نو زما، هغه کمیټی ته ریفر کړئ۔

جناب سپیکر:Who is the concerned person، کون جواب دے گا گورنمنٹ کی طرف سے، کس کے پاس ہے؟

جناب سپیکر: عارف یوسف، پلیز۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): سر! یہ کوئسچن اس میں مجھے نہیں نظر آرہا۔

جناب سپیکر: 2763۔

معاون خصوصی برائے قانون: اچھا سر! یہ لیویز کے بارے میں آپ نے پوچھا ہے، ٹھیک ہے یہ 2763 یہ کوئسچن ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ یہ کریں، آپ اس طرح نہ کریں، یہ حکومت کی، عنایت خان، شہرام، یہ گورنمنٹ کی Responsibility ہے، جو بھی کوئسچن یہاں آجائے، Seriously اس کو لیا جائے۔

معاون خصوصی برائے قانون: سر! کوئسچن ہے 2763، سر! اس کا اس طرح ہے کہ یہ انہوں نے جو سوال کیا ہے، یہ پوچھ رہے ہیں: آیا یہ درست ہے کہ ضلع اپر دیر، لوئر دیر میں لیوی فورس میں نئی تعیناتیاں کی گئی ہیں؟ اس کا جو جواب ہے، بالکل یہ کلیئر ہے: گزشتہ تین سالوں میں دیر لیوی فیڈرل لوئر دیر میں یونیفارم پوسٹوں پر کوئی تعیناتی نہیں کی گئی ہے، البتہ ان کے ساتھ ہے کہ ایک سکیل نمبر 1 اور ایک سو یپر کو لیا گیا تھا، وہ بھی وہاں پہ جو ڈسٹرکٹ میں باقاعدہ ایک کمیٹی ہوتی ہے، اس کمیٹی کے تھرو لیا گیا تھا۔ اس میں تین لوگ ہوتے ہیں اور دو اس کے ممبر ہوتے ہیں، کمشنر آفس اور Concerned department کا، تو انہوں نے صرف دو، وہ بھی کلاس فور کی ایک دو ہوئی ہیں، باقی تین سالوں میں کوئی وہاں پہ ریکروٹمنٹ

نہیں کی گئی ہے۔ دوسرا سر! یہ جو لیویز ہیں، یہ فیڈرل ڈیپارٹمنٹ ہے، فیڈرل ان کو تنخواہیں بھی دیتی ہے، ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں صوبائی گورنمنٹ کا، اس میں صرف دو سو ننانوے لوگ، کافی پہلے۔۔۔۔

جناب سپیکر: 2763۔

معاون خصوصی برائے قانون: جی سر! بالکل اسی کا ہی ہے اور اس میں یہ فیڈرل گورنمنٹ کا وہ ہے، اس میں ہمارا کوئی Concern نہیں ہے۔ یہ جو بھرتی ہوتی ہے، ساری وہ کرتے ہیں، اس میں کافی پہلے تقریباً دو سو ننانوے لوگ اس میں بھرتی کئے گئے تھے جو صوبائی حکومت کے اس میں آئے تھے اور دوبارہ اس میں نہ کوئی بھرتی کی گئی ہے اور نہ ہی ہم اس کو ڈیل کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: ہاں بخت بیدار صاحب۔ یو منٹ، یو منٹ چې ثوک دغه کړئ خپله خبره؟ جی جی آپ بیٹھ جائیں ثناؤاللہ صاحب! جس نے بات کرنی ہے، وہ بات کرے ناں۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! زمونږ ایډوائزر صاحب دے، نه نه دے خبرچې په دیکښې Appointing authority ډپټی کمشنر دے، ده ته دا پته نشته چې د دې Appointing authority ثوک دے؟ دوئ وائی چې دا فیډرل گورنمنټ سبجیکټ دے، هغه بیله خبره ده، ما چې کوم تپوس کړے دے، هغه د دې په بنیاد ما کړے دے چې تا ریټائرډ کسان کښینولی دی، د لاندې خلقو حق دوئ وهلے دے او هغوی ته خپل پروموشن نه ملاویږی۔ په دې بنیاد باندې زه دا وایم چې دا سوال دے چې کوم جواب ما ته را کړے شوے دے، دا غلط دے، دا د کمیټئ ته لاړ شی۔

جناب سپیکر: عنایت خان پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: یہ دو قسم کے ہیں، ایک فیڈرل لیویز ہیں اور ایک پراونشل لیویز ہیں اور ان دونوں کی پروموشنز کا اور سیلریز کا سٹرکچر بھی ایک دوسرے سے Different ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ فیڈرل لیویز کا بہتر تھا اور Currently پراونشل گورنمنٹ نے اضافہ کیا ہے تو پراونشل لیویز میں تھوڑی بہتری آئی ہے۔ اس کا اپنا پروموشنز کا پروسیجر ہوتا ہے، پھر اپر دیر اور لوئر دیر ایک تھا تو اس وقت ایک پروسیجر تھا پھر Bifurcation کے بعد اس میں پرابلمز آئے لیکن مسلسل اس پہ میٹنگز ہوئیں اور وہ اپر دیر لوئر دیر کے ایشوز کافی حد تک Resolve ہوئے اور اپوائنٹمنٹس نہیں ہوئی ہیں یعنی اپوائنٹمنٹس جو اپر

دیر میں Outgoing DC،اس سے پہلے والے ڈی سی نے ایڈورٹائزمنٹ کی تھی لیکن اس کے باوجود اپوائنٹمنٹس نہیں ہوسکیں۔ایک مرتبہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے اس پہ پابندی لگا دی، پھر دوبارہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے پابندی Relax کردی، ہم توچاہتے ہیں کہ اپوائنٹمنٹس ہوجائیں، ہم بھی کہتے ہیں کہ اسی Criteria کے اوپر کریں جس طرح پولیس کرتی ہے، لوگوں کو Employment ملے گی لیکن اس پہ وہ نہیں ہوئی ہے، میرا خیال ہے اس پہ کمیٹی کو بھیجنے کی ضرورت مجھے محسوس نہیں ہوتی ہے کیونکہ انہوں نے جواب یہ مانگا ہے کہ آیا اس پہ بھرتیاں ہوئی ہیں، تعیناتیاں ہوئی ہیں؟ تو اپر دیر، لوئر دیر میں لیوی پہ میرے خیال میں بھرتیاں نہیں ہوئی ہیں، بلکہ میں کنفرم ہوں کہ بھرتیاں نہیں ہوئی ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، کمیٹی میں بھیجنا چاہیئے؟ (مداخلت) جی؟

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! یا خو پہ دې خبرہ زما پوھہ، زہ وایم ریټائرډ کسان ئے پہ زرو سیټونو کښینولی، پروموشن بند دے ،زہ درتہ یو څہ وایم تہ بل څہ وائې، زہ یو څہ وایم تہ بل څہ وائې ،زہ یو څہ وایم تہ بل څہ وائې، تہ پہ دې خبرہ پوھیږې کہ نہ پوھیږې؟

جناب سپیکر: بہر حال، سوری، میرے خیال میں ایک مہذب لہجے میں، جو بھی بات کرے لیکن اس کے لئے رویہ جو ہے نامہذب ہوناچاہیئے۔مہربانی ہوگی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! یہ بات ہے کہ کوئی بھی ریٹائرڈ بندہ حکومت کے اندر کسی سیٹ پہ کوئی نہیں بٹھا سکتا ہے، لیوی فورس ہے، جو ریٹائر ہوجاتا ہے سو وہ ریٹائرڈ ہوجاتا ہے، اگر ان کے علم میں ہے، یہ پوائنٹ آؤٹ کریں، اس کو ہٹادیں گے، وہ نہیں رہ سکے گا۔ریٹائرڈ لوگ کیسے فورس کے اندر وہ سیٹوں پہ بٹھا سکتے ہیں، ان کو پتہ ہی ہے، بالکل یعنی ایسی بات کررہے ہیں کہ خود ان کو پتہ ہے کہ اس قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہے اور جواب بھی ڈیپارٹمنٹ سے یہ آگیا ہے کہ کوئی ریٹائرڈ بندہ کسی سیٹ کے اوپر نہیں ہے۔

جناب سپیکر: بخت بیدار خان! آپ اصرار کرتے ہیں، کمیٹی میں بھیج دیں؟

جناب بخت بیدار: کمیٹی کو بھیج دیں۔

جناب سپیکر: جی جی، چلو میں ابھی ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں کہ اگر آپ لوگ کیا۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں، میں ان کو ریکویسٹ کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: آرڈر آرڈر پلیز، جی جی عنایت خان پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ معاملہ ہم، میں اور یہ بیٹھ کر Settle کر سکتے ہیں، اگر ریٹائرڈ لوگ ہیں تو غلط بات ہے، ان کو ہٹائیں گے لیکن میرے علم کے مطابق اور ڈیپارٹمنٹ کے جواب پہ مجھے یقین ہے کہ ریٹائرڈ لوگ نہیں ہیں لیکن اس پہ اگر یہ نہیں مطمئن ہوتے ہیں تو یہ ٹریژری بنچز کے آدمی ہیں، ان کے ساتھ ہم نہیں لڑنا چاہتے ہیں، تو بھیج دیں کمیٹی میں، بھیج دیں۔

جناب سپیکر: اوکے، ابھی کیا خیال ہے ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں یا بھیج دیں؟

جناب بخت بیدار: بھیج دیں، بھیج دیں، کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Members: Yes.

Mr. Speaker: And those who are against it may say 'No'.

Members: No.

جناب سپیکر: میرے خیال میں جو 'Yes' کہتے ہیں، وہ ہاتھ کھڑے کریں، 'Yes' جو کہتے ہیں (شور) میں اس کوئسچن کو ڈیفر کرتا ہوں، اس پہ کوئی وہ نہیں ہے، اس کوئسچن کو میں ڈیفر کرتا ہوں۔ کوئسچن نمبر۔۔۔۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر! زه یو ډیره ضروری خبره کوم۔

جناب سپیکر: ہاں، اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں۔ کوئسچن نمبر 2791، میڈم نجمہ شاہین، میڈم نجمہ شاہین۔

جناب احمد خان بہادر: ډیره ضروری خبره ده کنه جی۔

جناب سپیکر: درکوم درله، دا دوه کوئسچنز دی، دې نه پس درله ټائم درکوم، څه وزیر صحت به د رته ناست وی۔ میډم نجمه شاهین۔

* 2791 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کوہاٹ ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں موجود ایمرجنسی یونٹ میں مریضوں کو کون کونسی سہولیات میسر ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ کے ایمر جنسی یونٹ میں مریضوں کو مندرجہ ذیل طبّی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں:

(1) ابتدائی طبّی امداد (2) اتفاقی واقعات کیلئے او پی ڈی (3) ای سی جی (4) ایکسرے اور لیبارٹری ٹیسٹ (5) بلڈ ٹرانسفیوژن (6) پوسٹ مارٹم اور میڈیکو لیگل (7) ایمبولینس (8) مائنر آپریشن۔

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، یہ کوئی ڈھائی سال ہو گئے ہیں، میں اپنے علاقے کے ہاسپٹل کے بارے میں کوئسچن کر رہی ہوں، برابر اسی وقت سے، لیکن آج تک اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی بلکہ اس میں اور بھی زیادہ کمی ہو گئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! انہوں نے جو مجھے تفصیلات بتائی ہیں، یہ کچھ آٹھ آئٹم بتائیں ہیں، وہاں پر صرف طبّی امداد جو ہے، وہ وقتی طور پر، اگر ایمر جنسی میں جو لوگ آتے ہیں ناں تو وقتی طور پر اسی وقت ان کو دی جاتی ہے، وہ بھی اپنی ادویات خود خرید کر لاتے ہیں۔ باقی جو ہے تو ہاسپٹل کا اگر آج ہی دورہ کیا جائے تو ساری صورتحال آپ کے سامنے آجائے گی۔ جناب سپیکر صاحب! میں اس کے جواب سے بالکل بھی مطمئن نہیں ہوں اور اسے ہاؤس کے حوالے کیا جائے یا کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر: شہرام خان، پلیز۔

سینیئر وزیر (صحت): جناب سپیکر! میں ایم پی اے صاحبہ کی بات کو غلط نہیں کہوں گا، انہوں نے جو سوال کیا ہے، ان کو جواب دیا گیا ہے، بہر حال میری ریکویسٹ ہو گی، باقی پھر آگے ان کی مرضی ہے لیکن اگر یہ ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں کہ ان کو کہاں پہ پرابلم ہے؟ تو اس کو ادھر ہی Settle کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ ہمیں ایشو بتادیں کہ کیا کیا وہاں پہ ایشوز ہیں؟ Then and there سیکرٹری اور ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ میں ان کو کنفرم کرانا چاہتا ہوں کہ یہ جس طرح ان کی Satisfaction ہو گی، اسی لیول کی ہم اس کو Make sure کرائیں گے کہ ہم چیزوں کو ٹھیک کر دیں، کہیں پہ اگر کوئی غلطی ہے یا اس میں کسی چیز کو Improve کرنے کی ضرورت ہے، پلیز۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: یہاں پہ کمیٹی بھی بن جاتی ہے اور بیٹھ بھی جاتے ہیں لیکن اس کے بعد اس کا کوئی خیال سامنے نہیں آتا ہے۔ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے جناب! اور میں آپ کو ایک بات بتاؤں کہ یہ جو میرے کوئسچنز برابر جاتے ہیں تو اس پہ ایم ایس کا میرے ساتھ وہ رویہ کہ میرے بچے انسولین کے میڈیکل بل جو ہیں، تو وہ اس نے روک لئے اور انتقامی کارروائی پہ وہ اتر آئے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو اس سے Related نہیں ہے، چونکہ جو آپ کا کوئسچن ہے، وہ Related question نہیں ہے، بہر حال شہرام خان کو کہتے ہیں کہ کمیٹی کو ریفر کریں۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): میری ریکویسٹ یہ ہو گی، اگر انہوں نے جو دوسری بات کہی ہے اس پہ بھی ایکشن لوں گا۔ پہلے کی بھی اگر ان کا کوئی Concern ہے تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ میں جو کہوں گا، وہ ان شاء اللہ آپ کے سامنے ہو گا، جو ہم کریں گے اور دوسرا آپ کا جو انسولین کا جو مسئلہ ہے، وہ آپ کا Right ہے، وہ کوئی نہیں روک سکتا، کوئی روکے گا، ہم اس کے خلاف جو ہے ناں قانونی ایکشن لیں گے، یہ کوئی ایشو نہیں ہو گا۔

محترمہ نجمہ شاہین: اب تو وہ حل ہو گیا ہے، اب تو اس نے حل کر دیا ہے لیکن پچھلے Six months سے اس نے کافی ہمیں اس میں پریشان رکھا لیکن یہ ہے کہ یہی کوئسچن کمیٹی کے حوالے کیا جائے کیونکہ جو بھی حادثہ ہوتا ہے، کوئی بات بھی ہوتی ہے تو کوئی رشتہ دار یا عوام جو ہیں میرے لئے آتے ہیں کہ بھئی تم کیسی ایم پی اے ہو؟ آج تک تو ہم، ہاسپٹل کی حالت ویسی کی ویسی ہے، تو پلیز کس کو؟ آپ اسے کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ اس میں جو ہے، تو کچھ تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں، شہرام خان! ریکویسٹ کرلے گا اگر؟۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، جیسے ایم پی اے صاحبہ کو، ان کو جیسے مطمئن لگے، اگر یہ کمیٹی بھیجنا چاہتی ہیں I am not against it, but پھر کہہ رہا ہوں میرے ساتھ اگر یہ، سیکرٹری بھی ہیں، ان کے ایشوز ہم ویسے بھی Resolve کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی چاہتی ہیں، میں اس پہ اس کے Against نہیں جانا چاہتا۔

جناب سپیکر: جی میڈم! ٹھیک ہے۔ اوکے۔

محترمہ نجمہ شاہین: سر! میرے خیال میں ڈھائی سال میں اس میں کچھ بھی تبدیلی نہیں آئی تواب تو کمیٹی کے حوالے کیا جائے کہ اس میں کوئی۔۔۔۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by honourable Member, may be referred to the Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر! اوس خو ما له ټائم را کړئ کنه جی۔

جناب سپیکر: صاحب! دې نه پس د رله موقع د رکوم کنه، (شور)

Only one Question, only one Question, only one Question, only one Question 2792, هغې نه پس احمد صاحب

جناب احمد خان بہادر: یو سپیلمنټری کوم جی، تاسو ما له اجازت نه را کوئ۔

(شور)

جناب سپیکر: سپلیمنٹری، سپلیمنٹری، آپ بات کرلیں، چلو آپ کو ناراض نہیں کرتے۔

(شور)

جناب احمد خان بہادر: تاسو زما خبره نه اورئ، زه نه کوم خبره۔

(شور)

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی جناب احمد خان بہادر احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب سپیکر: جی جی، 2792، محترمہ نجمہ شاہین۔

* 2792 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کوہاٹ میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے ڈی اے کو پچھلے دو سال میں کل کتنا فنڈ دیا گیا ہے، مذکورہ فنڈ کہاں کہاں استعمال کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سینیئر وزیر (صحت): (الف) ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہاٹ کو پچھلے دو سال میں جاری شدہ فنڈز اور اس کے استعمال کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	سال	فنڈ	استعمال کی تفصیل	ریمارکس۔
1۔	2012-13	تنخواہ فنڈ-/126025700	سٹاف کی تنخواہیں ادا کی گئیں۔118313933	بقایا فنڈ سرکار کو واپس کیا گیا۔
		نان سیلری-/20543000	کل خرچہ مختلف مد میں کیا گیا۔27148004 ٹیلی فون، بجلی سفری خرچہ، پیٹرول، سٹیشنری پرنٹنگ اخبار، اشتہار میڈیسن، ایکسرے ویکسین، انستھیزیا، لیبارٹری، آکسیجن، ڈسپوزیبل صفائی ہاؤس آفیسر کی تنخواہ، خریداری مرمتی مشینری، گاڑی فرنیچر وغیرہ۔	ایضاً
2۔	2013-14	تنخواہ فنڈ۔-/145483610	سٹاف کی تنخواہیں ادا کی گئیں -/129151066	ایضاً
		نان سیلری-/63773560	کل خرچہ مختلف مد میں کیا گیا-/32912009 ٹیلی فون، بجلی سفری خرچہ، پیٹرول، سٹیشنری پرنٹنگ اخبار، اشتہار میڈیسن، ایکسرے ویکسین، انستھیزیا، لیبارٹری، آکسیجن، ڈسپوزیبل صفائی ہاؤس آفیسر کی تنخواہ، خریداری مرمتی مشینری، گاڑی فرنیچر وغیرہ۔	ایضاً

دستخط شدہ۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ

ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال کے ڈی اے کوہاٹ۔

(مہر)

محترمہ نجمہ شاہین: یہاں میں نے جو تفصیل مانگی ہے جناب سپیکر صاحب! انہوں نے مجھے تو تفصیل فراہم کر دی ہے لیکن یہ جو تنخواہوں کا فنڈ ہے، وہ اگر عملہ پورا نہیں ہے، تنخواہیں واپس کی گئی ہیں لیکن یہ اس کے بعد جو یہ نان سیلری ہے تو اس کو کیوں واپس کر دیا گیا ہے؟ جبکہ ہاسپٹل کی یہ حالت ہے کہ وہاں پہ تمام مشینری خراب پڑی ہے، تمام کی تمام مشینری خراب ہے اور جو بھی Patient وہاں جاتا ہے، وہ سیدھا پشاور ریفر کر دیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی جناب احمد خان بہادر ایوان میں تشریف لے آئے)

جناب سپیکر: جی شہرام خان۔

سینئیر وزیر (صحت): انہوں نے جو سوال کیا ہے، جواب دیا گیا ہے۔ اس کی زیادہ Clarity اس وقت مجھے نہیں ہے، ٹائم پر فنڈز Utilize ہو جاتے ہیں، کچھ چیزوں میں اگر وہ آرڈر Delay ہو جاتا ہے، کیونکہ یہ

بہت پہلے ہو چکا ہے تو اس پہ اس وقت میں کچھ کہہ نہیں سکتا، بہر حال اگر واپس کر دیئے گئے ہیں تو اگلے سال ان کو پھر فنڈز دے دیئے جاتے ہیں، تو وہ کہیں ضائع نہیں ہوتے۔ اس حساب سے اس پہ کوئی ایشو نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: اس میں ایشو تو یہی ہے کہ وہاں پہ تمام مشینری خراب پڑی ہے، جو Patients آتے ہیں ان کو ڈائریکٹ پشاور ریفر کر دیا جاتا ہے۔ وہاں باقاعدہ طور پر بورڈ لگا یا گیا ہے کہ ای سی جی مشین خراب ہے، یا یہ ہے وہ ہے، سارے پشاور ریفر ہو جاتے ہیں تو وہاں پہ کیوں نہیں لگایا جاتا کہ واپس کر دیا جاتا ہے؟

سینیئر وزیر (صحت): اگر مشینیں خراب ہیں تو ان کو ٹھیک ہو جانا چاہیے، یہ ان کا Concern بالکل ایم پی اے صاحبہ کا ٹھیک ہے، کہیں پہ اگر مشین Outdated ہے تو پھر ان کو نئی آرڈر کرنا پڑتی ہے، چند مشینیں ایسی ہیں، بہت ساری ہیں جو بالکل بہت پرانی ہیں، ان کا بڑا ٹائم ہو گیا ہے، Continuously ان کو ٹھیک کیا جاتا ہے اور پھر وہ خراب ہوتی رہتی ہیں، لیکن انہوں نے کہہ دیا ہے، ایم پی اے صاحبہ نے، سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے خود بھی نوٹ کر لیا ہے، اب اس پہ میں چیک کر کے واپس آپ کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں ڈیپارٹمنٹ والے کہ کیا ہے، کیا نہیں؟ وزٹ کرنا چاہتی ہیں، آپ کے ساتھ وزٹ کر لیں گے۔

Mr. Speaker: Questions` Hour is finished. Ahmad Bahadar Sahib, Ahmad Bahadar Sahib, please.

جناب احمد خان بہادر: جناب والا! زما کوئسچن جی د غه سره وو۔

جناب سپیکر: نو وایه کنه، منسټر صاحب شته۔

جناب احمد خان بہادر: سر! زما سپلیمنټری کوئسچن وو او چې هغه سوال تیر شو نو زما د سپیلمنټری کوئسچن اوس څه حاجت پاتې شو جی؟

جناب سپیکر: بسم اللہ، جی۔

جناب احمد خان بہادر: سر! دا وزیر صحت صاحب زما په خیال ما ډیره موده پس چرته په اسمبلئ کښې اولیدو، زه هم ډیر کم راځمه خو دا وزیر صحت صاحب زما خیال دے ما په دې دریو کالو کښې دا په دویم یا دریم ځل اولیدو جی۔ ما د دوئ نه صرف دا تپوس کولو چې آیا د دې ګورنمنټ دا اراده شته چې تیر شوې ګورنمنټ

فنډ د مردان ډی ایچ کیو هسپتال دوئ جوړوی، سر ته به ئے رسوی او که نه هم دغه شان به ئے پریږدی؟ زما خو سرا ډیر Simple سوال وو، تاسو جی بالکل۔

جناب سپیکر: شہرام خان، پلیز۔

سینیئر وزیر (صحت): احمد خان، زما مشر ورور هم دے، لالا مې هم دے او زه صرف په لائټر نوټ باندې دا وئیل غواړم چې زه ډیر راځمه خو لالا! که ته نه راځې، ته ډیر ډیر راځه چې ما وینې چې زه هم دلته راځمه، زه Almost هر اسمبلئ کښې یم خو د دوئ Concern بالکل ټهیک دے، ډی ایچ کیو هسپتال کښې کار روان دے۔ مسئله دا شوې ده چې کومو کنټریکټرانو ته حواله شویدے، هغوی چې کوم کنسټرکشن کړیدے او کوم روان وو، په هغې باندې زما Concern وو، بیا ما سی اینډ ډبلیو منسټر ته او سیکرټری ته اووئیل، عاطف خان هم په هغې کښې وو، مونږ پکښې یو میټنګ د هغوی په دغه کښې هم هلته مردان کښې مو کړے وو۔ بیا تیر ورځو کښې بیا تلی وو چې کوم کنټریکټر ته ټهیکه حواله شویده، Substandard کار ئے کړیدے او هغه زمونږ Concern دے۔ چونکه دومره غټ بلډنګ جوړیږی او هغې کښې چې هر څه چل شویدے، چونکه هغه کنټریکټ زمونږ په دور کښې نه وو الاټ شوے، هغې تیر دور یو پروګرام راروان وو، مونږ خو د هغې Implementation کوؤ، او مونږ غواړو چې دا کار Speedy شی خو چې کله کار کښې فالټ وی نو ډیپارټمنټ هغې ته تیار نه وی چې هغې باندې سترګې پټې کړی۔ چونکه سحر له به ایم پی اے صاحب او بیا نور ممبران صاحبان دوئ به ټول راپاځی، بیا به دا Concern show کوی او هغه به زمونږه هم وی، چې هلته کوم کار کیږی Substandard او تاسو تپوس ولې نه کولو نو هغې کښې سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ Already تیره هفته کښې بیا تلی دی چې کوم ځائې کښې فالټ وو یا کوم ځائے کار ټهیک نه وو روان، د هغې ټهیک کولو آرډرز ئے ورله ورکړیدی او ان شاء الله ډیر زر به هغه Complete شی او که وائی احمد خان، دوئ به ورسره شی، دوئ سره به بالکل ډیپارټمنټ سی اینډ ډبلیو هغه کوی، چونکه هغه کوی لګیا دے نو هغوی سره به ئے مونږ شیئر کړو چې کوم کوم انفارمیشن دی او کله به هغه تیاریږی نو هغه نوټس مونږ هغه داسې شیئر کولے شو۔

جناب سپیکر: احمد بہادر خان۔

جناب احمد خان بہادر: دوئ مونږ له ټائم راکولے شی چې اندازتاً کله پورې به هغه تیار شی ځکه زما د Observation مطابق خو هلته زما په خیال ځلور یا پینځه کسان کار کوی مزدوران، نو په ځلور یا پینځه کسان مزدورانو باندې خو تاسو ډی ایچ کیو هسپتال نه شئ جوړولې، کم از کم۔

جناب سپیکر: شہرام خان۔

سینئیر وزیر (صحت): زه به چیک کړم، بیا به احمد خان ته اووایمه چې کله دوئ ایکزیکټ ټائم چونکه ما ته پخپله دې وخت کښې، سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ مونږ ته دا دا راکوی، زما خپل ډیپارټمنټ نه دے، چیک به ئے کړو، زه به دوئ ته بیا احمد صاحب ته اووایم۔

جناب سپیکر: شهرام خان! داسې اوکړه احمد بهادر خان ته پراپر آفیشل میټنګ اوکړئ۔

سینئیر وزیر (صحت): یو ځائې به میټنګ اوکړو۔

جناب سپیکر: نو میټنګ اوکړئ Concerned department هم راوغواړئ او هغې کښې به بهتر خبره وی، ټهیک شو جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: اوس دا د چھټئ درخواستونه چې دے دا دغه کوؤ۔ (مداخلت) دا درخواستونه د چھټیانو دغه کوؤ نو۔ (مداخلت) ایک منٹ جی، میں یہ چھٹی کی درخواستیں کرلوں تاکہ ایجنڈا ختم ہو جائے، پھر آپ جوڈ سکشن کرنا چاہیں کرلیں۔ یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں جی۔ میڈم آمنہ سردار 25 مارچ، میڈم رقیہ حناء 25 مارچ، عبدالکریم خان، جمشید مہمند، محب اللہ، سردار ظہور، میڈم یاسمین پیر محمد، سردار فرید، سردار سورن سنگھ، ملک شاد محمد، الحاج صالح محمد، فضل حکیم، مفتی فضل غفور، محمد عارف احمد زئی، مفتی سید جانان۔ منظور دی جی۔

اراکین: منظور ہے۔

جناب سپیکر: منظور۔ جی ولی محمد خان، ولی محمد خان، 'دی گریٹ' ۔

جناب ولی محمد خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ زما شهرام خان ته یو ریکویسټ دے جی، د دغې سره زمونږ په بټګرام کښې د ډاکټرانو هاسټل دے جی او په هغې کښې چې کوم کارونه دی، هغه تر اوسه پورې هم نه دی شوی، اوبه په هغې کښې نشته، یقین اوکړه چې هغه بله ورځ ما پسې هم ډاکټران راغلی وو، نو هغوی ته د اوبو ډیر زیات تکلیف وو، څه خو مونږ ډاکټران هم په منت باندې بوځو او هغوی هلته خپل دغه کوی چې هغوی ته هغه سهولت نه وی نو هغوی بالکل هم نه راځی، نو زما منسټر صاحب ته دا سوال دے چې هغوی د د هاسټل د اوبو چې کوم بندوبست دے یا څه دے، یقین اوکړه چې هغه بله ورځ ما د خپل جیب نه هغوی له پائپ اخستے دے، ورکړے دے، عارضی ورته اوبه راوستې دی۔ د هغه هاسټل چې کوم Maintenance دے، برائے مهربانی چې دا منسټر صاحب په دې باندې زور راوړی۔

جناب سپیکر: شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): ټهیک شوه جی۔ زه به ایم پی اے صاحب سره کښېنم اوس، هډو اوس ډیپارټمنټ به ئے ځان سره نوټ کړی، د دوئ چې کوم Concerns دی، ایډریس به کړی ان شاء الله، څه مسئله به نه وی جی، ان شاء الله۔

جناب سپیکر: ټهیک شو جی۔ آئٹم نمبر 5: مفتی فضل غفور، Lapse (Not present)۔ آئٹم نمبر 7، مسٹر عسکر پرویز۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

جناب عسکر پرویز: I thank you, Mr.Speaker. Before presenting this Call Attention, I would like to wish the Hindu community, جن کی کل ہولی تھی I would like to wish them Happy holy اور دو دن کے بعد جو ہے، وہ اقلیتوں کا، کرسچن کمیونٹی کا ایسٹر بھی ہے تو میں اپنی اور اپنے تمام ایوان کی طرف سے تمام کرسچن کمیونٹی کو پورے پاکستان میں اور پوری دنیا میں جہاں جہاں ایسٹر منایا جارہا ہے، میں ان سب کو بھی مبارکباد دینا چاہتا ہوں سر۔ توجہ دلاؤ

نوٹس نمبر 718 ہے سر۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ یکہ توت اور حسن گڑھی کے علاقوں میں چوہوں کی بھرمار ہے اور ان کے کاٹنے کی وجہ سے کئی بچے ہلاک ہو گئے ہیں، حکومت ان کے سدباب کیلئے اقدامات اٹھائے۔

جناب سپیکر! یہ حسن گڑھی کے علاقے میں اور یکہ توت کے علاقے میں ہماری کافی کمیونٹی رہتی ہے، وہاں پہ میرا آنا جانا لگا رہتا ہے اور جناب سپیکر! وہاں پر، سر! یہ واقعی ان کے کاٹنے سے کئی بچے وہاں پہ ہلاک ہوئے ہیں، یہ میرا خیال ہے کہ مذاق کی بات نہیں ہے اور ان کی سائز ایسی ہے کہ شاید میں نے اپنی زندگی میں کبھی اتنی بڑی سائز کے چوہے، میں نے خود اپنی آنکھوں سے حسن گڑھی میں دیکھے ہیں، میں نے اس سائز کے چوہے کبھی زندگی میں نہیں دیکھے۔

جناب سپیکر: یہ Piper والے چوہے تو نہیں آئے ہیں؟

جناب عسکر پرویز: سوری سر۔

جناب سپیکر: یہ Piper والے چوہے تو نہیں آئے ہیں۔۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب عسکر پرویز: سر! ہو سکتا ہے (قہقہہ) لیکن وہاں پر سر! گھمبیر صورتحال یہ ہے، یہ چوہے جو ہیں، یہ خونخوار قسم کے ہیں اور یہ بچوں کو کاٹتے ہیں اور جس سے سر! بچوں کی کئی ہلاکتیں حسن گڑھی کے علاقے میں اور یکہ توت کے علاقے میں ہوئی ہیں، تو میری منسٹر صاحب سے گزارش ہو گی کہ اس کے بارے میں کچھ اقدامات کریں۔

جناب سپیکر: عنایت خان، مسٹر عنایت، سینیئر منسٹر، مسٹر عنایت اللہ۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ یہ واقعی بڑا سیریس مسئلہ ہے اور ابتداء میں جب مجھے ایک ٹی وی چینل نے Contact کیا تو مجھے تو پتہ نہیں تھا کہ کس ڈیپارٹمنٹ کا یہ ایشو ہے، پہلے تو یہ Locate کرنے کی ضرورت تھی کہ یہ کس ڈیپارٹمنٹ کا ایشو ہے؟ میں شہرام خان کی توجہ چاہوں گا، پھر میں نے Explore کیا تو Basically یہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا ایشو تھا یعنی یہ اس کو ریفر کیا جاتا ہے، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف لیکن یہ Basically ایشو تھا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا اور یہ بات ان

کی درست ہے کہ اس کے کاٹنے کی وجہ سے چار پانچ بندے جو ہیں، ابھی تک گزشتہ ایک سال کے دوران بچے جو ہیں وہ ان کی ڈیتھ ہوئی ہے، اس کا عدالت نے بھی نوٹس لیا ہوا ہے۔ پھر میں نے اس پہ میونسپل کارپوریشن پشاور کے اندر میں نے اس پہ میٹنگ کی اور اس میٹنگ کے اندر میں نے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے لوگوں کو بلایا اور ڈبلیو ایس ایس پی کو جو ٹاؤن ہیں، ان کے چاروں ٹاؤن کے ناظمین کو، ضلع ناظم کو اور ٹی ایم اوز، چاروں ٹاؤن کے ٹی ایم اوز کو میں نے بلایا، اس پہ لمبی چوڑی ڈسکشن ہو گئی لیکن End میں اس پہ ڈی ایچ او کی سربراہی میں میں نے ایک کمیٹی تشکیل دی اور اس میں چاروں ٹی ایم اوز کو شامل کر دیا اور ڈبلیو ایس ایس پی کے نمائندے کو، ویسے ڈبلیو ایس ایس پی Already یہ کام کر رہی ہے اور اس میں کئی طریقے بھی طے ہوئے کہ کیسے اس کو، اس Minus کو، اس بیماری کو اور اس ایشو کو ہینڈل کیا جائے؟ میں یہ چاہونگا کہ شہرام خان تھوڑا ڈی ایچ او کو بھی بتادیں کہ وہ جو کمیٹی ہم نے بنائی تھی ان کی سربراہی میں، وہ اس پہ فوکس رہیں اور یہ کام ایک دن یا دو دنوں کا نہیں ہے، یہ مسلسل جو ہے نظر رکھنے کا وہ ہے کیونکہ یہ بات درست ہے کہ بڑے پیمانے پہ اور بڑی نسل کے چوہے ہیں، پتہ نہیں وہ کہتے ہیں کہ کنٹینر کے اندر آئے ہیں، باہر سے آئے ہیں، یہاں لوکل اس کے نہیں ہیں، Breed نہیں ہیں، بڑی نسل کے چوہے ہیں اور ہم اس کو کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہم نے اس پہ تمام ڈیپارٹمنٹس کی کمیٹی بنائی ہے اور ڈی ایچ او پشاور اس کو ہیڈ کر رہا ہے کیونکہ اس کو مروانے کیلئے جو سیکنین وغیرہ اور زہر وغیرہ استعمال ہوتا ہے تو وہ اس کے کنٹرول میں ہوتا ہے، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے کنٹرول میں ہوتا ہے اور پھر جب وہ مر جاتے ہیں، اس کو Dispose of کیا جاتا ہے تو That is the job of the Local Government, so it's ٹریکی قسم کا مسئلہ ہے لیکن میں نے اس پہ کمیٹی بنائی ہے، پھر ضلع ناظم پشاور کی میں نے ذمہ داری لگائی کہ وہ اس پورے پراسیس کو مانیٹر کریں، تو ان شاء اللہ میں دوبارہ بھی اس کو دیکھوں گا اور شہرام خان سے میری ریکویسٹ ہے کہ وہ بھی ڈی ایچ او سے بات کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> شہرام خان! پلیز اس کو چیک کر لیں۔

<u>جناب شہرام خان {(سینیئر وزیر (صحت)}</u>: شکریہ سپیکر صاحب۔ بالکل چې څنګه منسټر صاحب اووئیل خو د مګو د مړه کیدو کار ما ته نه وه پته چې دا هم هیلتھ سره، (قہقہہ) بیماری یا دغه بالکل چې دوئ څه اووئیل، (مداخلت اور شور) نه یره

د خدائے خاطر اوکړه، زمونږ دا شته کار ډیر دے، (قہقہہ) دا حال دے چې څنګه دوئ وائی زه به ډی ایچ او سره خبره اوکړم ان شاء الله، دا Serious concerns دی خو دا مګې د کوم ځائې نه راغلې دی؟ دا به لږ سوچ کول غواړی چې چرته چا رالیږلې نه وی۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: میڈم معراج ہمایون! 724۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ دا توجه دلاؤ نوټس 724 دے، دا ما ځکه راستولے وو سپیکر صاحب! چې دا عدالت کښې یو بنده انصاف د پاره ځی نو هلته کښې کورټ فیس اخستے شی نو هغه زه په پته باندې نه پوهیږمه چې کورټ فیس، انصاف خود حکومت کار دے چې یو بنیادم له انصاف د ورکړی او یو جهګړه اوشی یا څه زمیندار سره په زمکه باندې څه راشی، جهګړه راشی او بنده عدالت ته ځی نو د وکیل فیس خو بنده پوهیږی چې وکیلان فیس اخلی، هغوی د رله کیس لړاؤوی لیکن مجھے سمجھ نہیں آتی کہ عدالت میں انصاف کیلئے ایک بندے کو کیوں فیس دینا پڑتا ہے؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ فیس پہلے تین ہزار تھی اور اب اس کو بڑھا کر پندرہ ہزار کر دیا گیا ہے جو ذرا زیادتی ہے اور پھر اس کا طریقہ کار بھی ہے، پندرہ ہزار جو ہے وہ Upper limit رکھ دیا گیا ہے تو مطلب یہ ہے کہ اگر دو لاکھ کی جگہ کیلئے انسان کیس کر رہا ہوتا ہے یا دو کروڑ کا ہے تو دونوں کی ایک ہی فیس ہے تو یہ سراسر زیادتی ہے، میری گزارش تو یہ ہے کہ یہ فیس ہٹا دی جائے، بالکل ختم کر دی جائے اور اگر ایسا نہیں ہو سکتا تو مالیت کے مطابق یہ فیس لی جائے۔

جناب سپیکر: عارف یوسف صاحب، عارف یوسف صاحب۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ سر! یہ اس طرح نہیں ہے، یہ جو فنانس ایکٹ 2011 میں اس میں امنڈمنٹ کی گئی تھی اور اس وقت اس کو Change کر کے یہ فیس لگائی گئی تھی، ابھی یہ نہیں ہوئی ہے۔ دوسرا اس میں یہ ہے کہ یہ پچیس ہزار تک جتنے بھی کیسز ہوتے ہیں، وہ فری ہوتے ہیں، اس کے اوپر ساڑھے سات پرسنٹ فیس پھر لگتی ہے لیکن Maximum جو فیس ہے، وہ پندرہ ہزار روپے ہے، چاہے وہ ایک کروڑ کا دعویٰ ہے یا دو کروڑ ہے، پندرہ ہزار سے زیادہ فیس نہیں ہے۔ اس کی

باقاعدہ Wording ہے جو فنانس ایکٹ کی ہے، وہ میں اگر پڑھ کر میڈم کو سنا دوں، اس میں یہ ہے "On the amount or value of the subject matter in dispute, subject to a minimum of five hundred rupees and a maximum of fifteen thousand rupees irrespective of value of relief claimed" تو یہ پندرہ ہزار سے بالکل زیادہ فیس نہیں ہے اور یہ چاہے جتنا، زیادہ سے زیادہ ساڑھے سات پرسنٹ سے زیادہ لگتی جاتی ہے اور پھر چاہے وہ جتنا Maximum چلا جائے، پندرہ ہزار روپے سے زیادہ فیس نہیں لی جاتی۔ اگر میڈم نے یہ بات کہی ہے تو اس کا ضرور، گورنمنٹ اس بات کا نوٹس لیتی ہے اور ابھی جو فنانس، ہماری جو میٹنگ اس میں ہو گی فنانس ایکٹ میں، اس کے اوپر ہم غور کرینگے اور اپنی کیبنٹ میں بھی اس کے اوپر بات کریں گے۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Thank you. The sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon of Monday, 28th March, 2016.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 28 مارچ 2016ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)